نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی صورتحال بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

60 لاکھ روئی کی گانٹھوں کے ہدف کے حصول کیلئے کاشتکاروں کی راہنمائی میں مزید تیزی لائی جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور: یکم جولائی **2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی موجودہ صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ 60 لاکھ روئی کی گانٹھوں کے ہدف کے حصول کے لیے کاشتکاروں کی رہنمائی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے۔فیلڈ رپورٹس کے مطابق کپاس کی حالت بہت اچھی ہے۔مزید براں، ماہرین کی رپورٹس کے مطابق حالیہ بارشوں کے فصل پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ اگیتی کپاس کی چنائی جاری ہے۔رپورٹس کے مطابق اگیتی کپاس کی پہلی چنائی 07 سے 09 من فی ایکڑ حاصل ہورہی ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ پی سی جی اے سے مذاکرات کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں جس کے نتیجہ میں اب تک 26 کاٹن فیکٹریاں آپریشنل ہوچکیں ہیں۔کراپ رپورٹنگ سروس کے مطابق 45 ہزار گانٹھ کے برابر پھٹی کی چنائی ہوچکی ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کے علاقوں میں 41 سہولت سینٹرز قائم کئے گئے ہیں اوران سہولت سینٹرز پر 15 سے 20 فیصد رعائیت پر معیاری زرعی ادویات کی فراہمی جاری-سہولت سینٹرز پر کاشتکاروں کی آمد اور خریداری کا رجحان حوصلہ افزاء ہے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں، عامر رسول اور ڈاکٹر عبدالقیوم، پراجیکٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆